بسم اللہ الرحمن الرحیم

جنازہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعا

الموتُ فزعٌ ، فإذا رأيتم الجنازةَ فقوموا ، وقولوا : هذا ما وعدنا اللهُ ورسولُه ، وصدق اللهُ ورسولُه ، اللهم زدنا إيمانًا وتسليمًا.

الراوي : جابر بن عبدالله .المحدث : الألباني .المصدر : أحكام الجنائز .الصفحة أو الرقم: ٣١٥. خلاصة حكم المحدث : لا أعرفه بهذا التمام وأوله رجاله ثقات.

سوال: جی حضرت: یہ بیان کی جاسکتی ہے؟ فاذا رأیتم سے غالباً درست نہیں ہے؟ [از: عامر عثمانی]

الجواب :

حدیث کا پہلا حصہ: (الموتُ فزعٌ ، فإذا رأيتم الجنازةَ فقوموا) یہ تو صحیح سند سے مرفوعا حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے وارد ہے: (صحيح مسلم ٩٦٠ ، سنن أبي داود ٣١٧٤ ، سنن النسائي ١٩٢٢)

نیز حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے بھی (سنن ابن ماجه ١٥٤٣، مسند أحمد ٧٨٦٠) میں وارد ہے۔

رہ گیا حدیث کا بقیہ حصہ تو وہ ضعیف اسانید سے مروی ہے، مجھے تین روایات دستیاب ہوئیں:

پہلی روایت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی

أخرج الطبراني في كتاب "الدعاء" (ص: ٣٥٢) :

١١٦٠ - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِذَا رَأَى جَنَازَةً قَالَ: «هَذَا مَا وَعَدَنَا اللهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللهُ وَرَسُولُهُ، اللَّهُمَّ زِدْنَا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا» .

یہ حدیث حضرت ابن عمر پر موقوف ہے، سند میں دو راوی ضعیف ہیں:

ا۔ عمر بن مسکین: بخاری نے (التاریخ الکبیر ٦/١٩٨) میں اس روایت کے بارے میں کہا: (يروي عَنْ نافع، عَنِ ابْن عُمَر، فِي الجَنازة . لا يُتابَعُ عليه) یعنی اس میں راوی کا تفرد ہے۔

٢۔ ابو بلال اشعری مرداس بن محمد: دار قطنی نے ضعیف کہا (سنن الدار قطنی ١/٢٢٠) اور ابن حبان اور حاکم نے بھی اس پر کلام کیا ہے (لسان المیزان ٨/٢٧) ۔

دوسری روایت: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی

١١٦١ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو النَّخَعِيُّ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ رَأَى جَنَازَةً فَقَالَ: اللهُ أَكْبَرُ صَدَقَ اللهُ وَرَسُولُهُ، هَذَا مَا وَعَدَ اللهُ وَرَسُولُهُ، اللَّهُمَّ زِدْنَا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا، كُتِبَ لَهُ عِشْرُونَ حَسَنَةً " .

وذكره السيوطي في "الزيادات على الموضوعات" (٢/ ٦١٠) بلفظ : "كتب له عشرون حسنة في كلِّ يومٍ مِن يومَ يقولها إلى يوم القيامة" . قال السيوطي : سليمان بن عمرو أبو داود النخعي كذاب .

یہ سند مرفوع ہے، لیکن بالکل ناقابل اعتبار ہے، سلیمان نخعی پر احادیث گھڑنے کی تہمت لگائی گئی ہے، اس لئے یہ روایت معتبر نہیں ہے۔

تیسری روایت: ابن ابی المخارق کی

ایک اور ضعیف روایت (عبدالکریم بن ابی المخارق) کے واسطے سے نقل کی جاتی ہے:

٦٦٦٢ - عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ أَبِي الْمُخَارِقِ قَالَ: يُقَالُ إِذَا رُئِيَتِ الْجِنَازَةُ: «اللهُ أَكْبَرُ، هَذَا مَا وَعَدَ اللهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللهُ وَرَسُولُهُ، اللَّهُمَّ زِدْنَا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا، سَلَمٌ نَحْنُ لِلَّهِ رَبِّنَا». «يَعْنِي سَلَمٌ تَسْلِيمٌ أَيْ نَحْنُ لَكَ» . مصنف عبد الرزاق الصنعاني (٣/ ٥٤٩) .

٨٨٣٧ - أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ يُوسُفَ، أنا أَبُو سَعِيدِ بْنُ الْأَعْرَابِيِّ، نا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، قَالَ سُفْيَانُ: سَمَّاهُ وَلَا أَحْفَظُهُ، قَالَ: " إِذَا رَأَيْتَ الْجِنَازَةَ فَقُلْ : سَلامٌ لَكَ مِنْ رَبِّنَا "، وَقَالَ آخَرُونَ يَقُولُ: " هَذَا مَا وَعَدَنَا اللهُ وَرَسُولُهُ، وَصَدَقَ اللهُ وَرَسُولُهُ، اللهُمَّ زِدْنَا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا " . شعب الإيمان (١١/ ٤٦١) .

یہ سند بھی مرفوع نہیں ہے، اور عبدالکریم ضعیف بلکہ متروک ہے بعض کے نزدیک۔

شواہد الحدیث:

بعض دیگر صحابہ وتابعین سے بھی جنازہ کو دیکھ کر وعظ ونصیحت کے الفاظ کہنا منقول ہے:

قال أبو نعيم في "الحلية" : حدثنا سليمان بن أحمد ، حدثنا إسحاق بن إبراهيم ، حدثنا عبد الرزاق ، عن معمَر قال : بلغني عن أبي هريرة أنه كان إذا مَرَّ بجنازة قال : رُوحِي فإنا غادون ، أو اُغدِي فإنا رائحون ، موعظةٌ بليغةٌ ، وغفلةٌ سريعةٌ ، يذهبُ الأوّل ويبقى الآخِر لا عقل له . تخريج أحاديث إحياء علوم الدين (٦/ ٢٦٠١) .

٢٥٠ - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيُّ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ عُبَيْدٍ الْكَلَاعِيُّ:

أَنَّ أَبَا الدَّرْدَاءِ كَانَ إِذَا رَأَى الْجَنَازَةَ قَالَ: اغْدِي فَإِنَّا رَائِحُونَ، وَرُوحِي فَإِنَّا غَادُونَ، مَوْعِظَةٌ بَلِيغَةٌ وَغَفْلَةٌ سَرِيعَةٌ، كَفَى بِالْمَوْتِ وَاعِظًا، يَذْهَبُ الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ، وَيَبْقَى الْآخِرُ لَا حُلْمَ لَهُ . الزهد لأبي داود (ص: ٢٢٢)

كَانَ الْحَسَنُ إِذَا رَأَى جِنَازَةً اسْتَرْجَعَ وَقَالَ: إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، أَنْفُسُنَا وَأَهْلُوْنَا لِلَّهِ سَالِمُونَ . الكنى والأسماء للدولابي (٢/ ٦١٦) .

أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُونُسَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَيَّاشٍ يَقُولُ: كَانَ الْحَسَنُ إِذَا رَأَى جَنَازَةً يَقُولُ: «الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَمْ يَجْعَلْنِي السَّوَادَ الْمُخْتَطَفَ» قَالَ: وَلَا يُحَدِّثُ يَوْمَئِذٍ شَيْئًا . الطبقات الكبرى لابن سعد (٧/ ١٧٧) .

خلاصہ یہ ہے کہ: جنازہ کو دیکھ کر ایمان وتصدیق کے مذکورہ الفاظ اگر کہے جائیں، یا موت کو یاد کرتے ہوئے وعظ ونصیحت کی کوئی بات اس وقت بیان کی جائے، تو اس میں حرج نہیں، بعض صحابہ وتابعین سے یہ وارد ہے جیسا کہ اوپر چند شواہد پیش کئے گئے۔

حضرت ابن عمر والی روایت بہت زیادہ ضعیف نہیں ہے، اس پر عمل کر سکتے ہیں، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سلسلہ میں کوئی دعا ثابت نہیں ہے، اور حضرت انس والی روایت جس میں ثواب کا تذکرہ ہے وہ تو من گھڑت ہے۔

هذا ما اراه وانا العبد الضعيف العاجز: محمد طلحه بلال احمد منيار

15/7/2020